ایسی کسرین یعنی $\frac{1}{2}$ $\frac{1}{4}$ $\frac{3}{8}$ $\frac{9}{16}$ $\frac{12}{14}$ $\frac{7}{9}$ جنکی نسب نما مین کوئی سا عدد غیر معین اور مبدل ہی کسور عام کہلاتی ہین +

لیکن (سہولت اعمال جمع و تفریق و ضرب و قسمت وغیرہ کی لئی) انسب ہی کہ ایسی کسرین پیدا کی جائین جنکی نسب نما اعداد معین اور متحد ہون یا جو باسانی معین و متحد ہوسکتی ہون ایسی کسرون کو کسور اعشاریہ کہتی ہین اور وجہ تسمیہ اونکی یہہ ہی کہ اونکی نسب نما ہمیشہ عشر یعنی دس یا سو یا ہزار وغیرہ یعنی دس یا دس کے کوئی ضعف صحیح ہوتی ہین + اس قسم کی کسر مین ایک اور فایدہ یہہ ہی کہ جس حالت مین اوسکا نسب نما ہمین معلوم ہوتا ہی تو اوسکی لکھنی کی کچھہ احتیاج نہین رہتی ہی صرف شمار کنندہ ہی مین لکھا جاتا ہے اور جس طریق سی کسور اعشاریہ کا نسب نما معین معلوم ہوجاوی بہت آسانی سے مفہوم ہوسکتا ہی +

جب تم ۲۵ لکھتی ہو تو اس سی پچیس یعنی بیس اور پانچ اکائی خواہ دو دہائی اور پانچ اکائی ظاہر ہوتی ہین علی ہذا القیاس ۱۴۵ سی ایک سیکڑا چار دہائی اور پانچ اکائی مفہوم ہوتی ہین کلیہ یہہ کہ کسی ہندسہ کو بائین ہاتھہ کیطرف ایک ایک مرتبہ ہٹانی سی اوسکی قیمت دہ چند زیادہ ہوتی چلی جاتی ہی جیسی عدد ۱ آگی لکھنی سی ایک اکائی سمجھی جاتی اور اگر اس ۱ کی داہنی طرف ۴ کا عدد لکھہ دیا جاوی کہ اوس عملسی ۱ کا عدد گویا ایکدرجہ بائین طرف کو ہٹا دیا گیا ہی تو اوس ۱ کے عدد سی مثل سابق ایک اکائی مفہوم نہوگی بلکہ ایک دہائی ؛

لیکن جو کہ اوپر مذکور ہو چکا ہی کہ کسر اعشاریہ کی تحریر مین نسب نما کی لکھنی کی کچھہ ضرورت نہین پڑتی ہی ؛ (صرف ایک ہی رقم یعنی مقدار شمار کنندہ کی لکھی جاتی ہی) لہذا کسور اعشاریہ کو اعداد صحیح سی تمیز کرنی کے وقت دقت واقع ہوتی ہی اس قباحت کے رفع کرنی کے لئی ایک نشان مثل ہمزہ ، کسور اعشاریہ کی آگی یعنی اوسکی بائین طرف کو مرقوم ہوتا ہی جیسی ۱۲۵، سی ۱۲۵ کسور اعشاریہ یعنی $\frac{۱۲۵}{۱۰۰۰}$ مراد ہی نہ کہ ۱۲۵ - اعداد صحیح اور ۱، سی $\frac{۱}{۱۰}$ مراد ہی ہمزہ ایک کسر اعشاریہ ایک پڑھا جاتا ہی نہ کہ عدد صحیح ایک یا صرف ایک علی ہذا القیاس ۰۱، سی $\frac{۱}{۱۰۰}$ مراد ہی اور ۳۲۰، سی $\frac{۳۲۰}{۱۰۰۰}$ امثلہ مرقومۃ الصدر سے واضح ہوا ہوگا کہ کسور اعشاریہ کا نسب نما ہمیشہ عدد واحد مع اتنی صفرون کی اوسکی یمین کی طرف ہوا کرتا ہی جتنی کہ مراتب اوسکی شمار کنندہ مین ہون جیسی کہ ۱۲۵، برابر ہے $\frac{۱۲۵}{۱۰۰۰}$ کے اور ۳۲، برابر ہی $\frac{۳۲}{۱۰۰}$ کے اسواسطی رقم ۶۷۳۴۳۷۶

مین عدد ۴ سی جو مرتبہ اکائی واقع ہی چار اکائیان سمجھی جاتی ہین اور عدد ۳ سی جو اوسکی بائین طرف ہی تین دہائیان اور عدد ۳ سی جو تھا۔ اور ہمزہ یعنی نشان کسور اعشاریہ کی دائین طرف ہی تین دسوین حصے ۳/۱۰ مفہوم ہوتی ہین علی ہذا القیاس بائین طرف کے عدد ۷ سی سات سیکڑی اور دائین طرف کی ۷ سی سات سووین حصے ۷/۱۰۰ اور بائین طرف کی عدد ۶ سی چھہ ہزار اور دائین طرف کی عدد ۶ سی چھہ ہزاروین حصے ۶/۱۰۰۰ مراد لیے جاتی ہین غرض جیسے کہ ہمزہ کے بیار کی اعداد کی بائین طرف کو ہٹانی سی ہر ایکمرتبہ بردہ چند قیمت زیادہ ہوتی جاتی ہی اسیطرحسے اوسکی بعین ہر ایک عدد کی دائین طرف کو ہٹنے سے ہر ایکمرتبہ براوسی حساب سی قیمت کم ہوتی جاتی ہی

اب شاید تم کہو گی کہ یہہ تو معلوم ہوا کہ ۵/۱۰ کو ۰٫۵ اور ۵/۱۰ کو ٫۵ لکھتی ہین لیکن اگر ۵/۱۰۰ کو کسور اعشاریہ مین لکھنا منظور ہو تو کسطرحسے لکھین اس صورت مین ۵۔ اور ٫ کی درمیان مین ایک صفر دینا چاہی جیسی ٫۰۵ کیونکہ ازروی قاعدہ صدر کی اوسکی نسب نما مین ایک کا عدد مع اتنی صفرون کی ہونا چاہی جتنی کہ اسمین مراتب ہین اور چونکہ اسمین دو مراتب ہین لہذا اسکا نسب نما ۱۰۰ ہوگا اور ٫۰۵ برابر ہوگا ۵/۱۰۰ کے امثلہ ذیل سے قیمت کسور اعشاریہ کی زیادہ تر واضح ہو جائیگی (اور یہہ = علامت مساوات کی ہی جو دو چیزین برابر ہوا کرتی ہین اونکی درمیان مین یہہ علامت لکھی جاتی ہے

٫۷ = ۷/۱۰ و ٫۰۷ = ۷/۱۰۰ و ٫۰۰۷ = ۷/۱۰۰۰ و ٫۱۲۵ = ۱۲۵/۱۰۰۰ و ۱٫۲۵

= ۱۲ ۵/۱۰ و ۱۲٫۵ = ۱ ۲۵/۱۰۰ و ۱٫۹۶ = ۹۶/۱۰۰ و ۰٫۰۹۶ = ۹۶/۱۰۰۰ و

۳ء = $\frac{۳}{۱۰}$ و ۵۰۳۰۰۰۰ء = $\frac{۵۰۳}{۱۰۰۰۰۰۰}$ و ۲۷ء۳۰۰ = $۲۷\frac{۳}{۱۰۰۰}$ ❖

جمع کسور اعشاریہ

جسطورسی جمع اعداد صحاح مین اکائی کی نیچی اکائی دہائی کی نیچی دہائی سیکڑی کے نیچے سیکڑا ہزار کی نیچی ہزار لکھا جاتا ہی اسیطرحسی کسور اعشاریہ مین دسوونکی نیچی دسوین سوونکی نیچی سووین اور ہزار ونکی نیچی ہزاروین حصی لکھی جاتی ہین اور جب اسطرحسی ترتیب اعداد ہوجاوی تو داہنی ہاتہہ کی طرف سی مثل عام قاعدہ جمع صحاح کے جوڑنا شروع کرو یعنی جو ہندسہ سب سی پرے داہنی طرف کی اعداد مین ہہلی اونکو اور پہر اونکی بائین طرف کی اعداد کی جمع کرتی چلو جیسی مثال ذیل مین ❖

ء۲۱۵
ء۷۲
ء۴۰۵
———
ء۹۸۵

اس قاعدہ کی بنا اور صحت کی ثبوت کی لئی دو چہوٹی چہوٹی مقادیر ۲ء اور ۵ء فرض کرو اور انکا حاصل جمع از روئی قاعدہ صدر کی ۷ء ہوگا پس جو کہ ۲ء = $\frac{۲}{۱۰}$ اور ۵ء = $\frac{۵}{۱۰}$ ہی اور جوڑ ان دونون کسور عام کا $\frac{۷}{۱۰}$ ہی اور $\frac{۷}{۱۰}$ کو کسور اعشاریہ مین ۷ء لکھتی ہین اسلئی ۲ء اور ۵ء کا حاصل جمع صحیح ہی۔ اسیطرح جمع کرو ۸ء اور ۳ء کو

جواب ء۱۱ اس جگہہ ۸ء = $\frac{۸}{۱۰}$ اور ۳ء = $\frac{۳}{۱۰}$ اور $\frac{۸}{۱۰} + \frac{۳}{۱۰} = \frac{۱۱}{۱۰}$ اور $\frac{۱۱}{۱۰} = ۱\frac{۱}{۱۰}$ کسور اعشاریہ مین ۱ء۱ کہا جاتا ہی جیسا سابق مین حاصل ہوا تہا ❖

جمع کرو

ر۳۱۵	۳ر۱۵	۸ر۳۱۸	ر۰۰۳
ر۸۲	۲ر۰۸۱	۴۰ر۰۰۹	۸ر۱۷
ر۰۵	ر۴۰۸۵		ر۰۶۳
		ر۰۱۲۴	ر۱۳۷
	۳۰ر۶۷	ر۶۳۷۵	۶۰۴ر۳۱۷۶
	ر۰۰۸۴	ر۸۳۷۵	ر۰۰۰۵
۱ر۱۸۵	۳۶ر۳۱۷۹	۴۹ر۸۱۴۴	۶۲۰ر۶۹۱۱

جمع کرو ۳۷ و ۸ر۹ و ۴۰ر۷۵ و ۵ر۰۷ و ۳۰ر۷ و

۲۶۸ر۵ و ۴ر۴۰ ۰ ۰ ۰ ۰ جواب ۳۹۱ر۹۶۹۵

جمع کرو ۲۳۲ر۸۹ و ۱۸ و ۱ر۸ و ۱۸ر۱ و ۹ر۰۰ و

۴ر۹۸ و ۳ر۹۳ و ۷ر۰ و ۷ر ۰ جواب ۲۸۲ر۶۰۵۱

جمع کرو ۹ر۹۹ و ۴۷ر۸ و ۳ر۷۵ و ۳ر۷۵ و

۳ر۰۰۸ و ۱ر۰۰۱ و ۱ر۴۱۵ جواب ۳۸۶ر۶۳۵۴

تفریق کسور اعشاریہ

اول ارقام کو ویسی ہی ترتیب سی لکھو جیسا بیان جمع مین مذکور ہوا اور داہنی طرف سی مثل صحاح گھٹانا شروع کرو اگر منقوص منہ یعنی اوپر کی سطر مین منقوص یعنی نیچی کی سطر سی مراتب کسور اعشاریہ کم ہون تو اوپر کی سطر مین اتنی صفر لگا دو کہ منقوص منہ کے مراتب کسور اعشاریہ کے برابر ہو جائین اور پھر مثل قاعدہ عام گھٹانا شروع کرو

مثالین

ر۰۰۳ مین سی ر۰۰۲۸۱۷۶ کو گھٹاؤ

ر۰۰۳۰۰۰۰
ر۰۰۲۸۱۷۶
جواب ر۰۰۰۱۸۲۴

۶٫۳۱۶ مین سی ۲٫۱۸۴ کو گھٹاو ـــ

۶٫۳۱۶
۲٫۱۸۴
۴٫۱۳۲ جواب ۔

مثال

۴۱٫۳۰۸ مین سی
۴٫۷۲ کو گھٹاو
۳۶٫۵۸۸ جواب

مثال

۷٫۰۸۴ مین سی
۲٫۸۴۷ کو گھٹاو
۴٫۲۳۷ جواب

۱ سوال ۸۱٫۵ مین سی ۴۱٫۰۸۲ کو گھٹاو جواب ۴۰٫۴۱۸

۲ ایضاً ٫۸۷۶۴ مین سی ٫۳۶۵ کو گھٹاو جواب ٫۵۱۱۴

۳ ایضاً ۹٫۵۰۸ مین سی ٫۱۰۰۸ کو گھٹاو جواب ۹٫۴۰۷۲

۴ ایضاً ۶٫۵ مین سی ۳٫۰۰۳۷۵ کو گھٹاو جواب ۳٫۴۹۶۲۵

۵ ایضاً ۴۲۵ مین سی ٫۴۹۲۶ کو گھٹاو جواب ۴۲۴٫۵۰۷۴

ضرب کسور اعشاریہ

ارقام کو ویسی ہی ترتیب سی لکھہ کر جیسی قواعد صدر مین بیان ہوا ہی مثل اعداد صحیح ضرب کرو اور حاصلضرب مین اتنی مراتب کسر یعنی اتنی ہندسی بطرف یمین ہمزہ علیحدہ کرو جتنی کہ مضروب اور مضروب فیہ دونون مین ملکر مراتب کسر ہون اور اگر حاصلضرب مین اتنی مراتب نہون جتنی کہ مضروبین مین مراتب کسر ہین تو حاصلضرب کے بائین طرف اسقدر صفر لگا کر جتنی تعداد مراتب مطلوبہ پوری ہو جائے اوسکے آگے ہمزہ لکھہ دو ۔

جیسی امثلہ ذیل مین

٫۲۴ کو ٫۶۵ مین ضرب کرو

٫۲۴
٫۶۵
۱۲۰
۱۴۴
٫۱۵۶۰ جواب

٫۰۲ کو ٫۰۴۵ مین ضرب کرو

٫۰۲
٫۰۴۵
۱۰
۸
٫۰۰۰۹۰ جواب

۹۰۰ کو ٫۰۰۹ مین ضرب کرو

۹۰۰
٫۰۰۹
۸٫۱۰۰ جواب

٫۰۷۴ کو ٫۰۵۲ مین ضرب کرو

٫۰۷۴
٫۰۵۲
۱۴۸
۳۷۰
٫۰۰۳۸۴۸ جواب

۱ سوال ٫۸۴ کو ٫۸۴ مین ضرب کرو جواب ٫۷۰۵۶

۲ ایضاً ۲۷٫۰۰۴ کو ۳۶٫۰۲ مین ضرب کرو جواب ۹۷۲٫۶۸۴۰۸

۳ ایضاً ۷٫۰۰۱ کو ٫۰۰۱ مین ضرب کرو جواب ٫۰۰۷۰۰۱

۴ ایضاً ۸٫۰۳ کو ٫۰۰۸ مین ضرب کرو جواب ٫۰۶۴۲۴

۵ ایضاً ٫۴۷۶۸ کو ٫۰۰۶۱ مین ضرب کرو جواب ٫۰۰۲۹۰۸۴۸

فائدہ — اگر کسی کسر اعشاریہ کو ۱۰ یا ۱۰۰ یا ۱۰۰۰ مین ضرب کرنا منظور ہو تو مضروب مین ہمزہ کو داہنی طرف ایک یا دو یا تین مراتب بتعداد اصفار مضروب فیہ ہٹا دو کہ وہی حاصلضرب مطلوب ہوگا ❖

تقسیم کسور اعشاریہ

قاعدہ — جسطرح اعداد صحیح مین قسمت ہوتی ہے اوسیطرح سے تقسیم کرو اور

خارج قسمت میں اتنی مراتب کسر علیحدہ کرو جتنی کہ مقسوم میں بہ نسبت مقسوم علیہ کے زیادہ ہیں

اگر بہ نسبت مقسوم کی مقسوم علیہ میں مراتب کسر کے زیادہ ہوں تو مقسوم کی یمین کی جانب

بقدر ضرورت صفر زیادہ کر لو ÷

جب مقسوم اور مقسوم علیہ میں مراتب کسر برابر ہوں تو خارج قسمت عدد صحیح ہوگا

غرض خارج قسمت میں اتنی مراتب کسر ہونگی جتنی کہ مقسوم میں بہ نسبت مقسوم علیہ کے

زیادہ ہیں ÷

مثال ۲٫۵۸۱۶ کو ۴٫۷ پر تقسیم کرو

۴٫۷)۲٫۵۸۱۶(۰٫۵۴۹
۲۳۵
۲۳۱
۱۸۸
۴۳۶
۴۲۳
۱۳

اس مثال میں مقسوم میں بہ نسبت مقسوم علیہ کے تین مراتب کسور زیادہ ہیں اسلئے خارج قسمت میں بھی تین مراتب کسر کے علیحدہ کئے گئے ÷

مثال ٫۸۰۴ کو ۱۸ پر قسمت کرو

۱۸)٫۸۰۴(۴۴
۷۲
۸۴
۷۲
۱۲

خارج قسمت مطلوب ٫۰۴۴

اس مثال میں مقسوم کی مراتب کسر بہ نسبت مقسوم علیہ کے تین زیادہ ہیں اور

خارج قسمت میں صرف دو ہی مراتب آئی حالانکہ ازروئے قاعدہ کے اوسمیں

تین مراتب کسر ہونی چاہئین اسواسطی اوسکی یسار کو ایک صفر زیادہ کرکی ہمزہ لکھہ دیا تاکہ تین مراتب مطلوبہ حاصل ہوجاوین ✣

۱	سوال	۴۸ر۴	کو	۱ر۳۵	پر تقسیم کرو	جواب	۳۵ر۸۵۱۸
۲	ایضاً	ر۳۸۲	کو	ر۳۴۷	پر تقسیم کرو	جواب	۱ر۱۰۰۸۶
۳	ایضاً	۵ر۴۲	کو	۱ر۲۵	پر تقسیم کرو	جواب	۴ر۳۳۶
۴	ایضاً	ر۰۰۱	کو	۶	پر تقسیم کرو	جواب	ر۰۰۰۱۶
۵	ایضاً	۱	کو	ر۱	پر تقسیم کرو	جواب	۱۰
۶	ایضاً	ر۰۰۷۱	کو	ر۰۰۸۶	پر تقسیم کرو	جواب	ر۸۲۵۵
۷	ایضاً	۷	کو	ر۰۰۳۵	پر تقسیم کرو	جواب	۲۰۰۰

فائدہ — اگر کسی کسر اعشاریہ کو ۱۰ یا ۱۰۰ یا ۱۰۰۰ پر تقسیم کرنا منظور ہو تو مقسوم مین ہمزہ کو بائین طرف ایک یا دو یا تین مراتب بتعداد اصفار مقسوم علیہ ہٹا دو کہ وہی خارج قسمت مطلوب ہوگا ✣

تحویل کسور اعشاریہ بطرف کسور عام

قاعدہ کسور اعشاریہ مفروض کو بمقام شمار کنندہ لکھو اور عدد واحد کو مع اتنی اصفار کے بطرف یمین جتنی کہ مراتب کسور اعشاریہ مذکور مین ہین بمقام نسب نما رقم کرو ✣

جیسی ر۵ کسر اعشاریہ کو کسر عام اسطرح کو کرتی ہین کہ عدد ۵ کو بمقام شمار کنندہ لکھکر اوسکی نیچی ایکطرف خط اسشکل سی کھینچا ۵̲ اور اس خط عرضی کی نیچی ہندسہ ایک کا

معہ ایک صفر کے بمقام نسب نما اس شکل سے لکھہ دیا ۵/۱۰ اور ایک صفر اسواسطے دیا کہ کسر اعشاریہ مفروضہ مین صرف ایک ہی مرتبہ تہا ✤

علی ہذا القیاس ۷ر = ۷/۱۰ و ۰۹ر = ۹/۱۰۰ و ۲۴ر = ۲۴/۱۰۰ و ۰۰۲۵ر = ۲۵/۱۰۰۰۰ کسور اعشاریہ کو کسور عام کے شمار کنندہ کی جگہہ لکہنے مین وے سب صفر جو ہندسہ اول ہندسہ کسور اعشاریہ کے درمیان مین ہون محذوف کئے جاتے ہین جیسے کہ

۵ر = ۵/۱۰ و ۰۵ر = ۵/۱۰۰ و ۰۰۵ر = ۵/۱۰۰۰ و ۰۰۰۵ر = ۵/۱۰۰۰۰ ✤

کسور اعشاریہ ذیل کو بطرف کسور عام تحویل کرو

سوالات ۱۱۴ر و ۲۵ر و ۰۰۶ر و ۶۲۵ر و ۰۸ر ✤

جوابات ۱۱۴/۱۰۰۰ و ۲۵/۱۰۰ و ۶/۱۰۰۰ و ۶۲۵/۱۰۰۰ و ۸/۱۰۰ ✤

تحویل کسور عام بطرف کسور اعشاریہ

قاعدہ ــ کسور عام کے شمار کنندہ کو اوسکے نسب نما پر اسطرح تقسیم کرو جیسے کہ کسور اعشاریہ کے قسمت مین کرتے ہین اور مقسوم یعنی شمار کنندہ سابق مین بوقت تقسیم یہان تک صفر لگاتے جاؤ جہان تک کہ وہ پورا بلا باقی کے مقسوم علیہ یعنی نسب نما سابق پر تقسیم ہو جاوے اور خارج قسمت مین اتنے مراتب کسر علیحدہ کرلو جتنے کہ تمنے مقسوم مین صفر لگائے ہین ✤

مثلاً اگر ۲/۵ کسر عام کو کسر اعشاریہ بنانا منظور ہو تو ۲ کو ۵ پر قسمت کرو اور چونکہ عدد ۲ عدد ۵ پر تقسیم نہین ہو سکتا ہے اسلئے ۲ پر ایک صفر لگایا تو ۲۰ ہوئے

اور اوسکو ٥ پر تقسیم کیا تو حاصل ۶ ہوئی اور جو کہ تمنی مقسوم ۳ مین صرف ایک صفر لگایا تہا اسواسطی خارج قسمت مین بہی صرف ایکمرتبہ کسر کا ہونا چاہئی لہذا ۔٦ر خارج قسمت ہوا ✤

اسیطرح ١/١٠٠٠ کو کسور اعشاریہ کیطرف تحویل کرتی ہین ١٠٠٠ انسب نما کو مقسوم علیہ اور ا شمار کنندہ کو مقسوم فرض کرو اور جو کہ ١ مقسوم ١٠٠٠ مقسوم علیہ قسمت پذیر نہین ہی اسواسطی ۔١ پر تین صفر لگانی ضرور پڑی اور جب ١٠٠٠ کو ١٠٠٠ پر تقسیم کیا تو خارج قسمت ١ ہوا لیکن جو کہ مقسوم مین تین صفر لگائی گئی ہی اسواسطی خارج قسمت مین بہی تین مرتبی کسر کے ہونی ضرور ہین مگر خارج قسمت مین صرف ایک ہی درجہ آیا ہی لہذا تین مرتبہ بنانی کے لئی اوسکی بیار کی جانب دو صفر و یکر ہمزہ لکھدیا تو ٠٠١ر جواب مطلوب ہوا ✤

مثالین

٣/٥ = ٦ر ؛ ٩/١٢ = ٧٥ر ؛ ٢٧/٤٠ = ٦٧٥ر ؛ ١/٤٢٥ = ٠٠٢٣٥٢٩ر ✤

کسور عام مرقومۃ الذیل کو بطرف کسور اعشاریہ تحویل کرو

سوالات ١٢/٢٥ ؛ ٥/١٦ ؛ ٦/٧ ؛ ٢/١١ ؛ ٦/١٣ ؛ ٣/٤٠٠٠ ؛ ٧/٤٠٠ ؛ ١/٤ ✤

جوابات ⎫ ٤٨ر ؛ ٣١٢٥ر ؛ ٨٥٧١٤٢ر ؛ ١٨١٨ر ؛ ٤٦١٥٢٨ر ؛ ٠٠٠٧٥ر ؛ ٠١٧٥ر ؛ ١٦٦٦ر ✤

بعض مقامون پر ہیا اتفاق پڑیگا کہ اگر چہ تم ایک مقسوم مین بڑا انتہا صفر ایس

نسبت سی لگائی جاوے گے کہ خارج قسمت یعنی جواب پورا آجاوی اور کچھہ باقی نہ رہی تو ہی ہمیشہ بعد اول ہندسہ کی خارج قسمت مین ۶ - اور باقی مین ۴ آتی جاوینگے

جیسے کہ ۶) ۱ر۰۰۰۰۰۰۰۰۰۰۰۰۰ (۴ر۱۶۶۶۶۶۶۶۶۶۶۶۶۶

ایسی کو کسور اعشاریہ متوالی اور غیر منقطع کہتی ہین اور اوسمین صرف ۱۶ر لکھنا کافی ہی بشرطیکہ ۶ کی اوپر ایک آوی یا لکیر اِس ــــ شکل کی اِس شناخت کی لئی کردی جاوی کہ ۶ ہمیشہ مکرر چلا جاتا ہی جیسے $\overline{۶}$۱ر ؛

اگر خارج قسمت مین دو یا زیادہ ہندسی اسطرح مکرر متوالی آوین تو اُن دونون یا سب پر ایک خط عرضی واسطی علامت توالی کے کرنا ضرور ہی جیسے $\frac{۹}{۲۲}$ جو برابر ہے ۲۲) ۹ر۰۰۰۰۰۰۰ (۴۰۹۰۹۰۹ر کے اسطور سی لکھا جاتا ہی $\overline{۰۹}$۴ر ؛

کسور عام کو کسور اعشاریہ کیطرف تحویل کرنی مین اکثر کسر اعشاریہ کی صرف چار ہی مرتب لکھنا کافی ہوتا ہی جیسے $\frac{۳}{۶۴}$ اگرچہ برابر ہی ۰۴۶۸۷۵ر کے لیکن کارروائی کے لئی اِس سب کسر کے صرف چار ہی ہندسہ ۰۴۶۸ر تک لکھتی ہین اور اسمین دس ہزارون حصی تک کی صحت ہو جاتی ہے ؛

تحویل کسور جنس اعلی طرف اجناس ادنی اور اونکے کسور کے ۔

یعنی کسور اعشاریہ کی قیمت دریافت کرنی کی بیان مین

فرض کرو کہ ۷۵ر۱۱ سیر لکھی ہین تو ظاہر ہی کہ اِس سی ۱۱ سیر کامل اور $\frac{۷۵}{۱۰۰}$ ایک سیر کا مراد ہی لیکن یہہ دریافت کرنی کے لئی کہ ایک سے $\frac{۷۵}{۱۰۰}$ مین کتنی چھٹانکیں

وغیرہ مین قاعدہ ذیل لکھا جاتا ہی +

قاعدہ — جس جنس کے کسور اعشاریہ کی قیمت نکالنی ہو اوس سی ادنی درجی کی جتنی چیزین
کی برابر وہ ایک جنس کامل ہوتی ہو اوسی عدد مین کسور اعشاریہ مذکور کو ضرب کرو اور
جتنی مراتب کسر کسور سابق مین ہون اوتنی ہی جواب یعنی حاصلضرب مین سی علیحدہ
کردو کہ وہ اوس جنس کا کسور اعشاریہ باقی رہیگا جو جنس اول سی ادنی درجی کی ہی پہر
اس کسور اعشاریہ یعنی اول حاصلضرب کی مراتب کسور کو اوس عدد مین ضرب کرو
جتنی کہ دوم درجی کی ادنی جنسین اول درجی کی ایک ادنی جنس کی برابر ہوتی
ہین اور مثل سابق مراتب کسر علیحدہ کرلو اور اسیطرح سی عمل کرتی چلی جاؤ
یہانتک کہ سب سی ادنی درجی تک کی جنس تک جو مطلوب ہی پہنچو +

مثلاً اگر ۰٫۸۱۵ من کی قیمت دریافت
کرنی منظور ہو تو ۰٫۸۱۵ کو ۴۰ مین ضرب کیا
(۴۰ مین اسلئی ضرب کیا کہ ۴۰ سیر کا
یکمن ہوتا ہی) تو بعد علیحدہ کرنی تین
درجی کسور کی (کیونکہ کسر سابق مین ہی تین
درجی کسور کی تہی) ۳۲٫۶۰۰ حاصل ہوا یہہ
۳۲ سیر اور باقی یعنی ۰٫۶۰۰ سیر کی کسر
جو برابر کسیقدر چہٹانکوں کی ہی ہوئی پہر ۱۶

صورت عمل

کسر اصل	٫۸۱۵
مضروب فیہ اول	۴۰
حاصلضرب	۳۲٫۶۰۰
جنس ادنی بعد اون ذرجی علیحدہ کرنے سیر کے +	۳۲٫۶۰۰
مضروب فیہ دوم	۱۶
حاصلضرب دوم	۹٫۶۰۰

کو ۱۶ مین اسلئی ضرب کیا کہ ۱۶ چھٹانک کا
ایک سیر ہوتا ہی اور حاصلضرب بعد علیحدہ
کرنی مراتب کسر کی ۹٫۶۰۰ ہوا یعہ ۹ چھٹانک
اور ایک چھٹانک کا $\frac{۶۰۰}{۱۰۰۰}$ ہوا ۔

۹٫۶۰۰	جنس ادنی دوم درجی
۶۰۰	علیحدہ کرنی کسور کے
۵	مضروب فیہ سیوم
۳٫۰۰۰	حاصلضرب سیوم
٫۰۰۰	جنس ادنی سیوم درجی کی بعد علیحدہ کرنی کسور کے

اب اگر چھٹانک کی کسرات کی تولے دریافت منظور ہون تو ۶۰۰٫ کو ۵ مین ضرب کرو کیونکہ ۵ تولی کی ایک چھٹانک ہوتی ہی اور حاصلضرب سیوم ۳٫۰۰۰ مین مراتب کسر علیحدہ کرو تو ۳ تولی حاصل ہونگی اور کچھہ کسر باقی نرہی گی لهذا ایکمن کا ٫۰۶۵ برابر ہی ۲ سیر اور ۹ چھٹانک اور ۳ تولی کے اس راہ سی امثلہ ذیل کو پہیلایا تو معلوم ہوا کہ ۔

٫۷۵	ایک روپیہ کا برابر ہی		۱۲	آنہ کی
٫۵۰	ایضاً	ایضاً	۸	ایضاً
٫۲۵	ایضاً	ایضاً	۴	ایضاً
٫۱۲۵	ایضاً	ایضاً	۲	ایضاً
٫۰۶۲۵	ایضاً	ایضاً	۱	ایضاً
٫۱۸۷۵	ایضاً	ایضاً	۳	ایضاً
٫۴	ایک بیگہہ کا	ایضاً	۸	بسوہ کے
٫۶	ایضاً	ایضاً	۱۲	ایضاً
٫۰۴	ایضاً	ایضاً	۱۶	بسوانسی کے

۲۵ ر	ایکمن کا	برابر ہے	۱۰	سیر کے
۷۵ ر	ایضاً	ایضاً	۳۰	ایضاً
۰۲ ر	ایضاً	ایضاً	۱۲	چھٹانک ۱۴ تولہ کی
۰۷۵ ر	ایضاً	ایضاً	۳	سیر کے

سوالات

دریافت کرو قیمت کسور ذیل کی

(۱)	۹ ر	ایکمن	(۷)	۲۷ ر	بیگھہ
(۲)	۹ ر	ایکسیر	(۸)	۶۲۵ ر	بسوہ
(۳)	۷۳۵ ر	چھٹانک	(۹)	۳۲ ر	جریب
(۴)	۱۲۵ ر	روپیہ	(۱۰)	۶۵ ر	جریب
(۵)	۷ ر	روپیہ	(۱۱)	۷۵ ر	گٹھہ
(۶)	۳۵ ر	آنہ			

تحویل اجناس ادنیٰ اور اونکی کسر کی طرف کسور جنس اعلیٰ کی

یعنی نقود اور اوزان اور مساحات کے

کسور اعشاریہ بنانی کی ترکیب

مثلاً اگر ہم چاہین کہ ۳ - آنہ ۳ پائی کو ایکروپیہ کی ٹکڑون یعنی ایکروپیہ کی کسور اعشاریہ مین لکھین اوسکا قاعدہ یہہ ہے کہ اعداد معلومہ کو تلے اوپر اس ترتیب سے

لکھو کہ ادنی جنس اوپر اور اوس سے اعلی اوسکی نیچے غرض اسی ترتیب سے سب سے اعلی
سب کے نیچے لکھو جیسی مثال مرقوم الصدر کی اعداد معلومہ اسطرحسے لکھی جاتی ہین ہے
پھر ادنی جنس کی تعداد یعنی سب سے اوپر رقم کو اوس عدد پر تقسیم کرو جتنی وہ
ادنی جنسین آپ سے اعلی ایک جنس کی برابر ہوتی ہون اور جو کہ مثال صدر مین
سب سے اوپر کی یعنی ادنی رقم ۲ پائی ہی اور پائی سے اعلی درجہ کی جنس آنہ ہوتی
ہی اور ایک آنہ برابر ۱۲ پائی کے ہوتا ہی اسواسطی تم کو ۱۲۰ پر تقسیم کرکے خارج قسمت
کو دوسری سطر مین داہین طرف عدد مرقومہ سابق کی کہ وہ ۱۲ تہا ایک ہمزہ درمیان
مین لکھکر اسطورسے لکھا

۱۲ (۴
۱۲ ، ۳ ۳ ۴

مثال صدر مین ظاہر ہی کہ خارج قسمت کسور اعشاریہ متوالی ہی اسلئے اگر زیادہ تر
صحت مطلوب ہو تو کارروائی کے لئے صرف چار مراتب کسر کے کافی ہین اور اگر
کوئی بڑا حساب کرنا ہو جسمین ذراسی بہی فروگذاشت سے بڑی غلطی واقع ہونیکا
احتمال ہو تو مراتب کسر کو ۸ خواہ ۱۰ یا زیادہ درجون تک بڑہا لیا کرو پہر اس دوسری
سطر کی رقم کو یعنی اعداد صحیح کو جو سابق سے مرقوم ہی اور مراتب کسور کو جو اول سطر کے
خارج قسمت سے حاصل ہوئی ہون مثل سابق اوس عدد پر تقسیم کرو جتنی کہ یہ دوسری
سطر کی جنسین اپنی سے اعلے ایک جنس کے برابر ہوتی ہون اور خارج قسمت تیسری
سطر مین داہین طرف اعداد مرقومہ کے ہمزہ درمیان مین رکھکر لکھو اور اسیطرحسے
عمل کرتے چلے جاؤ جہان تک کہ اوس اعلی جنس تک پہنچو جسکی ٹکڑون یعنی کسور

اعشاریہ مین ان سب ادنی جنسون کی قیمت مطلوب ہی مثال صدر مین دوسری سطر کے اعداد کو ۱۶ پر تقسیم کیا کیونکہ وہ آنی ہین اور ۱۶ - آنہ کا ایک روپیہ ہوتا ہی +

پائی

۱۲) ۴
آنہ
۱۶) ۱۲ ر۳۳۳۳

اور کل عمل کی یہہ صورت ھی

۸۰۰ ۷ ۷ ر روپیہ

یعنی ۱۲ - آنہ ۴ پائی ایکروپیہ ۸۰۰ ۷ ۷ ر کسور اعشاریہ کی برابر ہین +

قاعدہ صدر جو بہت طوالت سی مفصل اور منشرح لکھا گیا

ہی مختصر اور آسانی سی اسطرح بیان ہو سکتا ہی

قاعدہ - جتنی ادنی جنسین ایک اعلی جنس کے برابر ہوتی ہین اوتنی پر ادنی جنس کی تعداد کو تقسیم کرنی سی اعلی جنس کی کسر حاصل ہوتی ہی اور تقسیم کرنی مین اگر خارج قسمت صحیح نہ آدی تو صفر حسب دلخواہ جتنی چاہین اوتنی زیادہ کرتی جاوین اگر اعلی اور ادنی جنسون کی درمیان مین کئی اور اوسط درجی کی جنسین ہون تو ادنی سی شروع کرکے مراتب اوسط پر اسیطرحسی عملکرتے چلی جاو جب تک کہ آخر کو اعلی جنس تک جسکی کسر مین قیمت دریافت کرنا منظور ہی نہ پہنچو +

مثال اول ۵ - آنہ ۸ پائی کو روپیہ کی کسر بناؤ

۱۲) ۸ ۰ ۰ ۰ ۰ ۰ ۰

لے آخرہ ۱۶) ۵ ر ۶۶۶۶۶۶۶ جواب ۱۶ ۱۳۵۴ ر

ر ۳۵۴۱۶۶

مثال دوم

۱۵ سیر ۶ چھٹانک کو من کی کسر بناؤ

۱۶) ۶٫۰۰۰

۴۰) ۱۵٫۳۷۵

٫۳۸۴

جواب ٫۳۸۴

مثال سیوم

۷ بسوہ ۹ بسوانسی کو بیگھہ کی کسر بناؤ

۲۰) ۹٫۰۰۰

۲۰) ۷٫۴۵۰

٫۳۷۲۵ جواب

مثال چہارم

۱۵ گٹھون کو جریب کی کسر بناؤ

۲۰) ۱۵٫۰۰۰

٫۷۵ جواب

سوالات	جوابات
(۱) سوال ۳ - آنہ ۹ پائی کو روپیہ کی کسر بناؤ	جواب ٫۲۳۴۳۷
(۲) ایضاً ۱۲ ۴ ایضاً	ایضاً ٫۷۷۰۸
(۳) ایضاً ۱۴ + ایضاً	ایضاً ٫۸۷۵
(۴) ایضاً + ۹ ایضاً	ایضاً ٫۰۴۶۸۷
(۵) ایضاً ۳۵ سیر ۹ چھٹانک کو من کی کسر بناؤ	ایضاً ٫۸۸۹۰۶
(۶) ایضاً ۱۴ ۸ ایضاً	ایضاً ٫۳۶۲۵
(۷) ایضاً + ۳ ایضاً	ایضاً ٫۰۱۸۷۵

(۸) ایضاً ۳ بسوہ ۵ البسوانسی کو بیگہ کی کسر بناؤ جواب ر۱۸۷۵۰

(۹) ایضاً ۱۷ ۱۸ ایضاً ایضاً ر۱۸۹۵

(۱۰) ایضاً ۰ ۱۴ ایضاً ایضاً ر۰۳۵

(۱۱) ایضاً ۱۷ — گٹھہ کو جریب کی کسر بناؤ ایضاً ر۸۵

(۱۲) ایضاً ۳۵ ایضاً ایضاً ۱ر۱۷۵

صعود کا بیان

کسی مفروضہ عدد کی مجذور اور کعب وغیرہ کی دریافت کرنی کی طریق کو صعود یعنی قوت بڑہانا کہتی ہین +

کسی عدد کو اوسکی ذات مین ایکبار یا کئی بار ضرب کرنی سی جو حاصلضرب ہوتا ہی اوسکو عدد مذکور کی قوت کہتی ہین +

اور جس عدد سی قوت ظاہر ہوتی ہی اوس عدد کو قوت نما بولتی ہین مثلاً ۴ × ۴ = $۴^۲$ = ۱۶ = مجذور ۴ کے

اور ۵ × ۵ × ۵ = $۵^۳$ = ۱۲۵ = کعب ۵ کے

قاعدہ صعود

کسی عدد کو اوسیکی ذات مین ضرب دینی سی جو حاصلضرب ہوتا ہی وہی مجذور ہوگا اور اوس حاصلضرب کو پہر بہی اوسی عدد کی ذات مین ضرب کرنی سی جو حاصل ہو

اوسکو کعب کہتی ہین اوس حاصلضرب یعنی کعب کو پہر اوسی عدد کی ذات مین ضرب کرو تو مجذور کا مجذور یعنی مال مال ہوگا اِسی قیاس پر مال کعب وغیرہ کو معلوم کرو اور یہہ بہی یاد رکہو کہ جب ایک عدد کی بڑی قوت دریافت کرنی ہو تو اوسکی چہوٹی قوتونکو ضرب کرو جنکی ضرب کرنی سی حاصلضرب قوت مطلوبہ کی برابر ہو یعنی جب مال مال دریافت کرنا ہو تو مجذور کو مجذور مین ضرب کرو اور مال کعب دریافت کرنا ہو تو کعب کو مجذور مین ضرب کرو اسیطرح اور بہی جانو +

(۱) سوال ۱۳ کا مجذور کیا ہوگا

۱۳
۱۳
۳۹
۱۳
۱۶۹ جواب ہوا +

(۲) ۱۹ کا کعب اور مجذور کا مجذور بتلاؤ +

۱۹
۱۹
۱۷۱
۱۹
۳۶۱ مجذور ہوا
۱۹
۳۲۴۹
۳۶۱
۶۸۵۹ کعب ہوا

٦٨٥٩
١٩

٦١٧٣١
٦٨٥٩

١٣٠٣٢١ یہہ مجذور کا مجذور ہوا +

(٣) ٧٥ کا مجذور تبلاؤ + جواب + ٥٦٢٥

(٤) ٢٢٣ کا مجذور کہو + جواب + ٤٩٧٢٩

(٥) ٧٥ کا کعب کیا ہوگا جواب + ٤٢١٨٧٥

(٦) ٣٥ کا کعب تبلاؤ جواب + ٤٢٨٧٥

(٧) ٢٢٣ کا کعب تبلاؤ جواب + ١١٠٨٩٥٦٧

(٨) $\frac{٣}{٤}$ کا مجذور کا مجذور کیا ہوگا جواب + $\frac{٨١}{٢٥٦}$

(٩) ١١ کا مال کعب کیا ہوگا جواب + ١٦١٠٥١

قاعدہ نزول

قاعدہ نزول برعکس قاعدہ صعود کی ہوتا ہی اور اوس سی کسی عدد کا جذر اور جزر الکعب وغیرہ معلوم ہوتی ہین اور جزر عدد کا وہ رقم ہی کہ اگر اہس عدد کو اوسکی ذات مین ایک بار یا کئی بار ضرب کرین تو عدد مذکور حاصل ہوتا ہی جیسی ٢ چار کا جزر المال یعنی جذر ہی کیونکہ ٢×٢=٤ یعنی دو کو دو مین ضرب کرنی سی ٤ حاصل ہوتی ہین اور ٤ ٦٤ کا جزر الکعب ہی اس سبب سے کہ ٤×٤×٤=٦٤ اسطرح اور ہی جانو + جسکا جزر نکالنا ہو اوسکی بائین طرف ایسا نشان ــــ کر دیتی ہین اور جس مرتبہ کا

جذر نکالنا ہو اوس مرتبہ کی عدد کو اوس نشان کی اوپر لکھتی ہین یا جذر و نمایون کو بطور
قوت نمایون کی بصورت کسر اوس عدد کی بائین طرف اوپر کو لکھتی ہین جسکا جذر نکالنا
ہو مثلاً $\sqrt{۴}$ یا $۴^{\frac{۱}{۲}}$ = ۲ = ۴ کی جذر کی +

$\sqrt[۳]{۶۴}$ یا $۶۴^{\frac{۱}{۳}}$ = ۴ = ۶۴ کی جذر الکعب کے +

اور جن عددون کا صحیح جذر نہین نکلتا ہی اونکا جذر قریب نکال لیتی ہین اور ایسی
ناتمام جذر کو جذر متناقص کہتی ہین اور جس عدد کا پورا جذر نکل آتا ہی اُسی جذر صحیح مثلاً
۳ کا جذر اور ۹ کا جذر الکعب صحیح نہین نکلتا ہی اسلئے ۳ کو اور ۹ عدد کو متناقص کہینگے
اسی قیاس پر اور بہی جانو +

قاعدہ جذر

۱ جن عددون کا جذر نکالنا ہو اونکو ایک جگہہ لکھکر اونکی داہنی طرف سی اول عدد
پر نشان نقطی کا کرو پہر آخر تک ایک ایک ہندسہ کو چہوڑ کر نشان نقطی کا کرلو +

۲ سب سے بائین طرف جس عدد کی اوپر نشان نقطہ ہو اگر اوسکی بائین طرف اور
کوئی عدد بی نشان نہو تو فقط نقطہ دار عدد کا سب سی بڑا جذر نکالو ورنہ اخیر کی دو
عددونکا یعنی نقطہ دار اور بی نقطہ کا سب سی بڑا جذر نکالو اور اوس جذر کو اعداد
مفروضہ کی داہنی طرف ٹیڑہی لکیر کہینچکر بطور خارج قسمت کی لکھو اور خواہ ہر ایک
عدد جذر کو ہر ایک نقطہ پر لکھتی ہین +

۳ جو جذر نکلا ہی اوسکا مجذور اوس اخیر ایک عدد یا دو عددونکی تلی لکھکر گہٹادو

جو باقی بچی اُسکو آڑی لکیر کھینچکر لکھو اور مجذور کی سطر مین سی بائین طرف کی دو عدد لیکر
اُس باقی کے داہنی طرف لکھو اِس رقم کو مقسوم جانو ❊

۴ دو چند جذر کو مقسوم علیہ جانو اور اُسپر مقسوم کی دہائی کی مرتبہ تک کے عددون
کو تقسیم کرو اور خارج قسمت کو پہلی جزو جذر اور مقسوم علیہ کے داہنی طرف لکھو ❊

۵ اور اِس خارج قسمت کے رکھنی سی جو مقسوم علیہ زیادہ ہو گیا ہی اوسکو خارج قسمت
مین ضرب کرنے سے حاصل ضرب کو مقسوم کی تلی لکھو اور باقی نکالو اور اوسکی داہنی طرف
مجذور کی سطر مین سی دو عدد اُتار کر لکھو اور اوسکو نیا مقسوم جانو ❊

۶ دو چند جزو جذر پر اِس نئی مقسوم کو قسمت کرنے سی جو خارج قسمت ہو اوسکو
پہلی جزو جذر کی داہنی طرف لکھو اور باقی مین بھی یہہ قاعدہ جاری رکھو اُسطرح جیسے
سب سے پچھلے عدد تک عمل کرو اور اسبات کا خیال رکھو کہ مجذور کی عددون پر جتنی
نشان ہوتی ہین اُسقدر جذر کی عدد ہونگے اور مقسوم علیہ بنانے کے لئے جو جزو جذر
کو دونا کرتے ہین اُسکا یہہ طریق ہی کہ مقسوم علیہ کی اکائی کے تلی خارج قسمت
لکھکر جوڑنے سی جو عدد ہوتا ہی وہی دو چند جزو جذر ہو جاوے گا ❊

۱ سوال

اِس رقم کا جذر نکالو ٥٤٩٩٠٢٥

جذر
۲۳۴۵ (٥٤٩٩٠٢٥

```
         ٤
٢٤٣)   ١٤٩
٣      ١٢٩
٢٤٦٤)  ٢٠٩٠
٤      ١٨٥٦
٢٤٦٨٥) ٢٣٤٢٥
       ٢٣٤٢٥
```

(٢) ٥٦٢٥ کا جذر نکالو۔ جواب ٧٥

(٣) ٩٠٢٥ ایضاً جواب ٩٥

(٤) ١٠٤٩٧٦ ایضاً جواب ٣٢٤

(٥) ١٠٦٩٢٩ ایضاً جواب ٣٢٧

(٦) ١٠٥٣٠٠٢٥ ایضاً جواب ٣٢٤٥

(٧) ١٥٢٣٩٩٠٢٥ ایضاً جواب ١٢٣٤٥

(٨) ١١٩٥٥٠٦٦٩١٢١ ایضاً جواب ٣٤٥٧٦١

جذر نکالنے کا دوسرا قاعدہ

جس عدد کا جذر نکالنا ہو اسپر جو نشان کئی ہین وے دو یا چار یا چھہ وغیرہ ہون یعنی جفت ہون تو آدھی نشانون تک کی عددونکا جذر بموجب قاعدہ مذکورہ کے نکالو جیسی جذر مین چار عدد آتی دیکھو تو وہی عدد جذر کی نکالو اگر نشان تین یا پانچ وغیرہ ہون یعنی طاق ہوین تو نصف نشانون سی ایک نشان زیادہ تک کا جذر نکالو اور جو باقی رہی اسکا مقسوم علیہ بموجب قاعدہ اول کے بنالو۔

محذور مین سی اتنی عدد اوتار کر باقی کی داہنی طرف لکھو کہ اوسکو مقسوم علیہ پر قسمت
کرنی سی جذر کی باقی عدد ملجاوین اونکو پہلی جذر کی عدد دون کی داہنی طرف لکھو
تو جذر کی پوری رقم ہوگی +

مثال جذر بموجب قاعدہ دوسری کے

۱۱۹۵۵۰۶۶۹۱۲۱) ۳۴۵۷۶۱

۹
۶۴) ۲۰۹۵
۴ ۲۵۶
۶۸۵) ۳۹۹۰
۵ ۳۴۲۵
۶۹۰) ۵۲۵۶۶۹ (۷۶۱
۴۸۳۰
۴۲۶۶
۴۱۴۰
۱۲۶۹
۶۹۰

اگر کسور عام کا جذر نکالنا چاہین تو شمار کنندہ کی جذر کو شمار کنندہ اور نسب نما
کے جذر کو نسب نما بناوین اس طرح سی جو کسر بنیگی وہ پہلی کسر کا جذر ہی مثلاً ۴/۹ کا
جذر ۲/۳ ہی اسواسطی ۴ کا جذر ۲ ہی اور ۹ کا جذر ۳ ہی +

قاعدہ جذر کسور اعشاریہ

کسور اعشاریہ کا جذر مطلوب ہو تو چاہی کہ رقم کی داہنی طرف ایک ایک مرتبہ چھوڑ کر

نقطون کی نشان کر دین اور جو کسور اعشاریہ کی ساتھہ اعداد صحیح بھی ہون تو کسر بر بطریق مذکور اور اعداد صحیح پر موافق قاعدہ عدد صحیح کی نشان کریں اور بعد نشان کرنی کی بعینہ صحیح عددون کی موافق جذر کا عمل جاری کرنا چاہی مثلاً اِس کسر اعشاریہ ۳٫۱۵۲۴۳۱ کا جذر نکالنا ھی تو عمل کی صورت یہہ ہوگی ✤

جذر وغیرہ

۱٫۷۷۵۵

۳٫۱۵۲۴۳۱۰۰
۱

۲۷) ۲۱۵
۱۸۹

۳۴۷) ۲۶۲۴
۲۴۲۹

۳۵۴۵) ۱۹۵۳۱
۱۷۷۲۵

۳۵۵۰۵) ۱۸۰۶۰۰
۱۷۷۵۲۵

۳۰۷۵

سوالات

(۱) کیاھی جذر ۱۷٫۳۰۵۶ کا جواب ۴٫۱۶

(۲) کیاھی جذر ۰۰۰۷۲۹٫ کا جواب ۰۲۷٫

(۳) کیاھی جذر ۵ کا جواب ۲٫۲۳۶۰۶۸

(۴) کیاھی جذر ۶ کا جواب ۲٫۴۴۹۴۸۹

(۵) کیا ہی جذر ۷ کا جواب ۲٫۶۴۵۷۵۱

(۶) کیا ہی جذر ۱۰ کا جواب ۳٫۱۶۲۲۷۷

(۷) کیا ہی جذر ۱۱ کا جواب ۳٫۳۱۶۶۲۴

(۸) کیا ہی جذر ۱۲ کا جواب ۳٫۴۶۴۱۰۱

(۹) کیا ہی جذر ۶۰۱ کا جواب ۲۴٫۵۱۵۳۰۱۳

(۱۰) کیا ہی جذر ۷۰۰ کا جواب ۲۶٫۴۵۷۵۱۳۱

(۱۱) کیا ہی جذر ۹۹۹ کا جواب ۳۱٫۶۰۶۹۶۱۲

(۱۲) کیا ہی جذر ۹۷۶ کا جواب ۳۱٫۲۴۰۹۹۸۷

قاعدہ جذر الکعب اعداد صحیح

۱ جس عدد کا جذر الکعب نکالنا ہو اوسکی اکائی کی درجہ پر نشان نقطی کا کر کی اوسکی درمیان کی دو مرتبون کو چھوڑ کر تیسری مرتبہ پر نشان کرو اسطرح سی سب عددون پر نشان کر لو اور بائین طرف کی سب سی آخر جس عدد پر نشان ہو وہان تک کی بائین عددون مین جس بڑی عدد کا کعب گھٹ سکتا ہو اوسکو گھٹاؤ اور اس بڑی عدد کو کعب مفروضہ کی داہنی طرف آڑی لکیر کھینچکر لکھو ٭

۲ داہنی طرف کی تین درجون کو اوتار کر باقی کی داہنی طرف لکھو اور اوسکو مقسوم جانو ٭

۳ اس مقسوم کو جزو جذر الکعب کی سہ چند مجذور پر قسمت کرنی سی جو خارج قسمت

حاصل ہو اسکا پہلا عدد جزر الکعب کا دوسرا عدد ہوگا ۔

۴ جزر الکعب کے اِن دو عددون کے کعب کو دوسری داہنی طرف کی نشان تک کی عددون مین تفریق کرو اور جو باقی رہین اُسکی داہنی طرف اور اگلی داہنی طرف کی نشان تک کی عددون کو لکھو اور اُسکو نیا مقسوم مانو اور اوسکو جزر الکعب کی جتنی رقم حاصل ہوئی ہی اوسکی سہ چند مجذور پر قسمت کرنی سی جو خارج قسمت حاصل ہو اُسکا پہلا عدد جزر الکعب کا تیسرا عدد ہوگا اور جزر الکعب کے اِن تینون عددونکی کعب کو تیسری داہنی طرف کی نشان تک کی عددون مذکور مین سی تفریق کرو اسطرح سی سب سے آخری عدد تک عمل کرو ۔

مثال ۴۸۲۲۸۵۴۴ اس رقم کا جزر الکعب بتلاؤ

جواب ۳۶۴) ۴۸۲۲۸۵۴۴

$۳^۳$ = ۲۷

۳×۳^۲ = ۲۷) ۲۱۲۲۸

۴۸۲۲۸

$۳۶^۳$ = ۴۶۶۵۶

۳×۳۶^۲ = ۳۸۸۸) ۱۵۷۲۵۴۴

۴۸۲۲۸۵۴۴

$۳۶۴^۳$ = ۴۸۲۲۸۵۴۴

جزر الکعب نکالنی کا دوسرا قاعدہ

۱ کعب کے عددون پر بموجب قاعدہ مذکور کے نشان کرکے بائین طرف والے

سب سی پچھلے نشان تک کی عددون مین جس بڑی عدد کا کعب گھٹ سکی اوسکو گھٹا کر اس عدد کو کعب کے داہنی طرف آڑی لکیر کھینچکر لکھو اور کعب مفروضہ مین سی بائین طرف کی تین درجون کی عددونکو اُتار کر باقی کے داہنی طرف لکھو اور اوسکو نیا مقسوم جانو ✢

۲ اس مقسوم کے پاس یا جہان چاہو سہ چند جزو جزر الکعب کو لکھو اور اوسکی سہ چند مجذور کو اوسکی تلی اکائی کا درجہ چھوڑ کر بائین طرف لکھو اور اونکی جمع کرنی سی جو حاصل جمع ہووی مقسوم علیہ ہوگا ✢

۳ مقسوم کی اکائی کو چھوڑ کر اوسکو مقسوم علیہ پر تقسیم کرنی سی جو خارج قسمت حاصل ہوا اوسکو پہلی جزو جزر الکعب کی داہنی طرف لکھو ✢

۴ پہلی مقسوم کی تلی ایک آڑی لکیر کھینچکر خارج قسمت کا کعب لکھو اوسکی تلی خارج قسمت کی مجذور کو سہ چند پہلی جزو جزر الکعب مین ضرب کرکی حاصلضرب کو ایک درجہ بڑھا کر بائین طرف لکھو پھر اسی طرح سی پہلی جزو جزر الکعب کی مجذور کو سہ چند خارج قسمت مین ضرب کرکے حاصلضرب کو لکھو اور ان تینون عددون کو جمع کر لو ✢

۵ اِس حاصل جمع کو پہلی مقسوم مین سی تفریق کرو پھر اس باقی کی داہنی طرف کعب کی سطر مین سی تین درجون کی عددون کو اوتار کر لکھو اور اوسکو نیا مقسوم مانو اور بموجب قاعدہ مذکور کے جزر الکعب کا تیسرا عدد حاصل کرو

اور کعب مفروضہ مین جو اور عدد باقی رہین تو آخر تک اسی قاعدہ کو عمل مین لاؤ مگر اس بات کا خیال رکھنا چاہئی کہ مقسوم کو مقسوم علیہ پر قسمت کرنی مین اس اندازہ پر خارج قسمت لینا چاہئی کہ جو حاصل جمع کو مقسوم سی گھٹایا جاوی وہ مقسوم سی بڑا نہو جاوی +

مثال ٤٨٢٢٨٥٤٤ اس رقم کا جزر الکعب نکالو +

٣٦٤) ٤٨٢٢٨٥٤٤

٢٧

٢١٢٢٨ مقسوم

٣ × ٣ = ٩

٣ × ٣ × ٣ = ٢٧

٦) ٢١٢٢٨ (٢٧ مقسوم علیہ

٦^٣ = ٢١٦

٦^٢ × ٣ × ٣ = ٣٢٤

٣^٢ × ٦ × ٣ = ١٦٢

مفروق ١٩٦٥٦

مفروق منہ ٢١٢٢٨

١٩٦٥٦

دوسرا مقسوم ١٥٧٢٥٤٤

٣٦ × ٣ = ١٠٨

٣٦^٢ × ٣ = ٣٨٨٨

٤) ١٥٧٢٥٤٤ (٣٨٨٨٠ مقسوم علیہ دوسرا

٤^٣ = ٦٤

٤^٢ × ٣٦ × ٣ = ١٧٢٨

٣٦^٢ × ٤ × ٣ = ١٥٥٥٢

مفروق ١٥٧٢٥٤٤

مفروق منہ ١٥٧٢٥٤٤

جذر الکعب کا تیسرا قاعدہ

۱ جس عدد کا جذر الکعب نکالنا ہو اُس پر بموجب طریق مذکور کے نشان کر لو اور بائین طرف سب سے آخر کا جو نشان ہے وہان تک کے عدد مین سے جس بڑی عدد کا کعب گھٹ سکتا ہو اُسے گھٹا کر اُس عدد کو پہلا عدد جذر الکعب کا جانو اور باقی کے داہنی طرف عدد مفروضہ کے بائین طرف کے تین عدد اوتار کر لکھو اور اُسے نیا مقسوم مانو +

۲ اُس مقسوم کے مقسوم علیہ بنانے کا یہہ طریق ہے کہ مقسوم کے داہنی طرف کے دو عدد چھوڑ کر بائین طرف کے باقی عددون کو پہلے عدد جذر الکعب کے سہ چند مجذور پر قسمت کرنے سے جو خارج قسمت حاصل ہو اوسکو جذر الکعب کا دوسرا عدد جانو اوسکو پہلے جذر الکعب کے عدد کے داہنی طرف لکھو اور پہلے عدد کے مجذور کو سہ چند کرکے ایک طرف لکھو اور اوسکے تلے دونون عدد جذر الکعب کا سہ چند حاصلضرب لکھو اور اوسکے تلے دوسرے عدد کا مجذور مگر اسطرح پر ان تین رقمون کا لکھنا چاہیے کہ اوپر کی رقم کی اکائی سے نیچے کی رقم کی اکائی داہنی طرف کو ایک درجہ بڑھ کر رہے ان تین عددون کے حاصل جمع کو مقسوم علیہ مانو +

۳ اس مقسوم علیہ کو دوسرے عدد جذر الکعب مین ضرب کر حاصلضرب کو مقسوم میں سے گھٹاؤ اور باقی نکالکر بموجب طریق مذکور کے دوسرا مقسوم بناؤ +

۴ دوسرے مقسوم کے مقسوم علیہ کو اسطرح بناؤ کہ دونو عدد جذر الکعب کو

ایک عدد مانگر اوسکی سہ چند مجذور کو اِس سہل طریق سی معلوم کرو کہ پہلی مقسوم علیہ کی بنانی کے واسطی جو تین عدد لکھی ہین اونین سی اوپر کے عدد کو چھوڑ کر تلے کے دو عددون کو جسطرح پر لکھی ہین اوسیطرح پر جوڑ کر حاصل جمع کو پہلی مقسوم علیہ کے تلی بہ ترتیب درجہ اکائی وغیرہ کی لکھو اور پہر اوسکی تلی تیسری عدد کو یعنی سب کے نیچے کے عدد کو لکھو پس یہہ عدد معہ مقسوم علیہ کی تین سطرون مین ہونگی اِن تینون سطرون کی عددونکو بہ ترتیب درجون مرقوم کی جمع کرنی سی جو حاصل ہوگا وہی دو عدد جزر الکعب کا سہ چند مجذور ہوگا اور اِس سہ چند مجذور پر دوسری مقسوم کو قسمت کرنی سی جو خارج قسمت ہو اوسی دوسرا عدد جزر الکعب کا مانو (اگرچہ حقیقت مین یہہ تیسرا عدد ہی لیکن جبکہ پہلی دو عددونکو ایک مان چکی اسواسطی یہہ دوسرا ہوا) اور پہر بموجب طریق مذکور کی دوسرا مقسوم علیہ بناؤ اور اِس مقسوم علیہ کو مفروضہ دوسری عدد مین (کہ حقیقت مین وہ تیسرا ہی) ضرب کرکی حاصلضرب کو دوسری مقسوم سی گھٹاؤ اسیطرح وہان تک عمل کرو جہان تک عدد ہون ٭

مثال

۹۳۰۸۲۸۵۶۴۶۸ اِسکا جزر الکعب نکالو ٭

۹۳۰۸۲ّ۸۵۶ّ۷۶۸ّ (۴۵۳۲

$\overline{۴}^{۳}$ = ۶۴

صورت عمل

$\overline{۴}^{۲}$ × ۳ = ۴۸
۵ × ۴ × ۳ = ۶۰
$\overline{۵}^{۲}$ = ۲۵

۵۴۲۵ پہلا مقسوم علیہ
۶۲۵
۲۵

پہلا مقسوم ۲۹۰۸۲
حاصلضرب خارج قسمت و مقسوم علیہ ۲۷۱۲۵

$\overline{۴۵}^{۲}$ × ۳ = ۶۰۷۵
۳ × ۴۵ × ۳ = ۴۰۵
$\overline{۳}^{۲}$ = ۹

۶۱۱۵۵۹ دوسرا مقسوم علیہ
۴۰۵۹
۹

دوسرا مقسوم ۱۹۵۷۸۵۶
حاصلضرب ۱۸۳۴۶۷۷

$\overline{۴۵۳}^{۲}$ × ۳ = ۶۱۵۶۲۷
۲ × ۴۵۳ × ۳ = ۲۷۱۸
$\overline{۲}^{۲}$ = ۴

۶۱۵۸۹۸۸۴ تیسرا مقسوم علیہ

تیسرا مقسوم ۱۲۳۱۷۹۷۶۸
حاصلضرب ۱۲۳۱۷۹۷۶۸

حاشیہ

واضح ہو کہ اس عمل مین مقسوم علیہ دو قسم کی بناتی ہین ایک ناقص اور ایک کامل مقسوم علیہ ناقص کی وسیلہ سی ایک عدد خارج قسمت کا دریافت کرلیتی ہین پھر اُس خارج قسمت کو مقسوم علیہ کامل مین ضرب دیکر حاصلضرب کو مقسوم سی تفریق کرتی ہین چنانچہ اس مثال مین پہلا مقسوم علیہ ناقص ۴۸ تھا اور دوسرا ۶۰۷۵ اور تیسرا ۶۱۵۶۲۷ کہ جن پر مقسوموں کو قسمت کرکی خارج قسمت ۵ اور ۳

اور ۲ معلوم کیا ہی اور پہلا مقسوم علیہ کامل ۵۲۴۵ ہی اور دوسرا ۶۱۱۵۵۹ - اور
تیسرا ۶۱۵۸۹۸۸۳ کہ جسمین خارج قسمتون ۵ اور ۴ اور ۲ کو ضرب دیکر
حاصلضربونکو مقسومونسی تفریق کیا ہی صاحب رسالہ نی اس قاعدہ کی بیان مین جسکا
نام مقسوم علیہ رکہا ہی مراد اس سی مقسوم علیہ کامل ہی کہ جسمین خارج قسمت ضرب
کہاتا ہی جو اعداد جزر الکعب کے نکلتی ہین اونکی مجذور کا سہ چند ہمیشہ مقسوم علیہ ناقص
ہوتا ہی اور اس عمل مین پہلی دفعہ تو ۵ کی مجذور کو سہ چند کرکے ۷۵ حاصل کیا اور
آئندہ جہان کہ بہ سبب کثرت اعداد کی سہ چند مجذور نکالنی مین محنت ضرب وغیرہ
پڑتی ہی بہ ترکیب مندرجہ کتاب آسانی سی سہ چند مجذور حاصل ہوتا گیا اور مقسوم علیہ
کامل کی حاصل کرنی کی ترکیب کتاب مین مندرج ہی اور توضیح اوسکی صورت
عمل سے ہوتی ہی اور واضح رہی کہ اس مثال مین پہلی مقسوم کو جو موافق قاعدہ
قسمت کے پہلی مقسوم علیہ ناقص پر یعنی ۷۵ پر قسمت کرین تو خارج قسمت ۶
نکل سکتا ہی لیکن ۵ نکالا سبب اسکا یہہ ہی کہ اگر ۶ نکالتی اور پہر ۶ کو مقسوم علیہ
کامل مین ضرب دیتی تو حاصلضرب مقسوم سی زیادہ ہوجاتا تفریق نہوسکتا اسکا
ہمیشہ خیال رکہنا چاہی کہ خارج قسمت ایسا نکلی کہ جب مقسوم علیہ کامل مین ضرب
کہائی تو مقسوم سی زیادہ نہو جائی +

سوالات

(۱) ۳۸۹۰۱۷ کا جزر الکعب تبلاؤ جواب + ۷۳-

(۲) ۱۰۹۲۷۲۷	کا جذر الکعب تبلاؤ	جواب +	۱۰۳
(۳) ۲۷۰۵۴۰۳۶۰۰۸	ایضاً	ایضاً +	۳۰۰۲
(۴) ۱۲۲۶۱۵۳۲۷۲۳۲	ایضاً	ایضاً +	۴۹۶۸
(۵) ۱۷۱۴۱۶۳۲۸۸۷۵	ایضاً	ایضاً +	۵۵۵۵
(۶) ۳۱۲۹۰۸۵۴۷۰۶۹	ایضاً	ایضاً +	۶۷۸۹

قاعدہ جذر الکعب کسور عام

کسور عام کا جذر الکعب اسطرح دریافت کرتی ہین کہ شمار کنندہ کا جذر الکعب نکالکر شمار کنندہ بنادین اور نسب نما کی جذر الکعب کو نسب نما مقرر کرین اسطرح سے جو کسر بنی وہ جذر الکعب پہلی کسر کا ہی مثلاً $\frac{۸}{۲۷}$ کا جذر الکعب $\frac{۲}{۳}$ ہی اسواسطی کہ ۸ کا جذر الکعب ۲ ہی اور ۲۷ کا ۳ +

قاعدہ جذر الکعب کسور اعشاریہ

کسور اعشاریہ کا جذر الکعب نکالنا چاہین تو ؔ کی داہنی طرف دو دو مرتبہ چھوڑکر کسور پر نقطون کی نشان کر دین اور اعداد صحیح پر صحیح عددونکی موافق نشان کردین اور بعد اسکی جو قاعدہ صحیح عددونکی جذر الکعب دریافت کرنی کا ہی وہی جاری کرکے جذر الکعب دریافت کرلین اور ؔ کا نشان لکھین کہ اس سے کسر اور صحیح جذر کی معلوم ہوجاوینگی +

مثلاً ۵۰۲۶ کا جذر الکعب یون لکھکر نکالتے ہین +

۸ ٫ ۰ ۷ ۲ ۲ ۶ ۳

۵۲۶٫۰۰ ....

اور باقی عمل چونکہ جزر الکعب اعداد صحیح مین مفصل لکھدیا ہی یہان نہین لکھا اور صرف واسطی ظاہر کرنی طور نقاط نمائی کے اسقدر لکھدیا اس سی واضح ہوا کہ جزر الکعب ۵۲۶ = ۸٫۰۷۲۲۶۳ اور واضح ہو کہ جس صورت مین جزر الکعب پورا نہ نکلی اور ہمیشہ باقی رہی تو بعد ہمزہ یا چھہ مرتبہ جزر الکعب کے نکالکر باقی کو چھوڑ دین اور حاصل کو جزر الکعب تقریبی سمجھین ؎

سوالات

(۱) جزر الکعب ۲ = ۱٫۲۵۹۹۲۱

(۲) جزر الکعب ۳۲۱۴ = ۱۴٫۷۵۷۵۸

(۳) جزر الکعب ۲۵ = ۲٫۹۲۴۰۱۷

(۴) جزر الکعب ۵۲۸ = ۸٫۰۸۲۴۸۰

(۵) جزر الکعب ۵۵۰ = ۸٫۱۹۳۲۱۲.

(۶) جزر الکعب ۶۰۱ = ۸٫۴۳۹۰۰۹

(۷) جزر الکعب ۹۵۰ = ۹٫۸۳۰۴۷۵

(۸) جزر الکعب ۸۷۶ = ۹٫۵۶۸۲۹۸

(۹) جزر الکعب ۹۰۰ = ۹٫۶۵۴۸۹۳

(۱۰) جزر الکعب ۲۳ = ۲٫۸۴۳۸۶۷

تمام شد

حاشیہ متعلق اعمال نزول

ایک ایسا قاعدہ عام لکہا جاتا ہی کہ جسکی وسیلہ سی جتنی مرتبہ کا نزول چاہو نکالو یعنی اس ایک قاعدہ سی خواہ تیسری مرتبہ کا نزول یعنی جزر الکعب نکالو خواہ چوتھی مرتبہ کا نزول یعنی جزر مال مال خواہ پانچوین چھٹی ساتوین وغیرہ کا نزول ❊

قاعدہ

۱ جن اعداد کا نزول نکالنا ہی اول اونکی اعداد صحیح کی اکائی کی مرتبہ پر نشان نقطہ کا کرو پہر جتنی مرتبہ کا نزول ہو اوسکی شمار سی ایک کم عدد کی نشان چھوڑ کر نشان کرتی جاؤ مثلاً اگر تین مرتبہ کا نزول ہی یعنی جزر الکعب ہی تو دو دو مرتبہ کی نشان چھوڑتی جاؤ اور اگر چار مرتبہ کا نزول ہی تو تین مرتبی چھوڑتی جاؤ وعلی ہذا القیاس ❊

۲ باہین طرف سب سی آخر جس عدد پر نشان ہی اوسکا یا وہان تک کی عدد کا بڑا جزر نکالکر اوس جزر کا صعود برابر مراتب نزول کے لیکر نشان دار عدد سی یا وہان تک کے عدد وں سی تفریق کرو حاصل تفریق کی داہین طرف دوسرے نشان تک کے عدد اتار کر سب کو مقسوم سمجھو ❊

۳ پہر دو قسم کی مقسوم علیہ بنانی کی احتیاج پڑتی ہی ایک ناقص کہ جسکی وسیلہ سے ایک عدد خارج قسمت کا نکلتا ہی دوسرا کامل کہ جسکو خارج قسمت مین ضرب دیکر حاصلضرب کو مقسوم سی تفریق کیا جاتا ہی — پہلی مقسوم علیہ ناقص کے بنانی کی یہہ ترکیب ہی کہ جو جزر نزول کا نکلا ہی اوسکا صعود ایک مرتبہ کم مراتب نزول سے

لیکر اوسکو اوتنی گنا کرو کہ جتنی مراتب نزول کی شمار ہی مثلاً اگر پانچ مرتبہ کا نزول ہو اور جزء نزول کا ۲ نکلا ہو تو ۲ کا چار مرتبہ کا صعود لیکر حاصل کو پانچ گنا کرو یعنی ۵ مین ضرب دو اور حاصلضرب کی داہنی طرف بتعداد ایک کم مراتب نزول سے صفر زیادہ کرو حاصل مقسوم علیہ ناقص ہوگا +

۴ مقسوم کو اِس مقسوم علیہ ناقص پر قسمت کرنی سے جو خارج ہو اوسکو دوسرا جزء نزول کا جانو لیکن خارج قسمت ایسا نکالنا چاہی کہ جب مقسوم علیہ کامل مین ضرب کہائی حاصلضرب مقسوم سے زیادہ نہو جائی +

۵ مقسوم علیہ کامل کے حاصل کرنی کے واسطی اوتنی سطرین عددون کی پیدا کرنی پڑتی ہین کہ جتنی مراتب نزول ہوتی ہین تفصیل اور ترکیب پیدا کرنی اون سطرون کی یہہ ہی — سطر اول مین اعداد مقسوم علیہ ناقص کے لکہو کہ جسکی پیدا کرنی کی ترکیب گذر چکی — سطر دوم کی عدد اِسطرح پیدا کرو کہ اعداد سطر اول کو ضرب دو اوس کسر مین کہ جسکی شمار کنندہ کا عدد شمار مین مراتب نزول سے ایک کم ہو اور نسب نما بئیس ہو اور پہر اِس حاصلضرب کو ضرب دو ایک اور دوسری کسر مین کہ جسکا شمار کنندہ خارج قسمت ہو اور نسب نما وہ جزء ہو جو اِس خارج قسمت سے پہلی نکل چکا پس جو حاصل ہوگا وہ دوسری سطر کے عدد ہونگی — پہر سطر سیوم و چہارم وغیرہ کی اعداد اِسطرح پیدا کرتی جاؤ کہ ہر ایک کی ماقبل کی سطر کے اعداد کو ضرب کرتی جاؤ دونون کسرون مذکور مین بشرطیکہ پہلی کسر کے شمار کنندہ کا عدد ہر دفعہ ایک کم

ہوتا جاوی اور نسب نما دس زیادہ ہوتا جاوی یہان تک کہ شمار کنندہ کسر اول کا عدد ایک بن کر پہر کچھہ نرہی مثلاً اگر پانچ مرتبہ کا نزول ہو تو صورتین کسر اول کی سطح کی ہون گی [illegible] پس حاصل جمع ان سطرونکا مقسوم علیہ کامل ہوگا

۶ اس مقسوم علیہ کامل کو خارج قسمت مین ضرب دیکر حاصلضرب کو مقسوم سی تفریق کرو پہر باقی کے داہنی طرف تیسری نشان تک کی عدد اوتار دو اور اونکو دوسرا مقسوم سمجھو +

۷ دوسرا مقسوم علیہ ناقص اس سہل ترکیب سی حاصل کرو کہ جو مقسوم علیہ کامل کی حاصل کرنی کے واسطی سطرین اعداد کی لکہی ہین اونمین سی سطر اول کو چہوڑ کر دوسری سطر کے اعداد بحفظ مراتب اکائی وغیرہ مقسوم علیہ کامل کی نیچی بعینہ لکہو اور پہر اسکی نیچی تیسری سطر کی اعداد کا دوچند لکہو اور پہر چوتہی کا سہ چند اور پہر پانچوین کا چہار چند وعلی ہذا القیاس پس ان اعداد کو جمع کر کے حاصل جمع کی داہنی طرف بشمار ایک کم مراتب نزول سی صفر زیادہ کرو بعد اصفار کی جو حاصل ہوگا وہ دوسرا مقسوم علیہ ناقص ہوگا +

۸ اس مقسوم علیہ ناقص پر دوسری مقسوم کو قسمت کرکی بطور سابق خارج قسمت نکالو کہ یہہ خارج قسمت جز تیسرا نزول کا ہوگا +

۹ پہر مقسوم علیہ کامل بہ ترکیب مذکور پیدا کرو (اور یاد رکہو کہ اب دوسری کسر مذکور کا شمار کنندہ یہہ خارج قسمت یعنی تیسرا جز رہوگا اور نسب نما دو عدد

جو پہلی نکل چکے اور علی ہذا القیاس آیندہ کو ہر نیا خارج قسمت شمار کنندہ ہوتا جائیگا اور پہلی عدد (نسب نما) پس اس مقسوم علیہ کامل کو اس خارج قسمت مین ضرب دیکر حاصل کو دوسری مقسوم سی تفریق کرو اور پہر باقی اوتارنی اور مقسوم علیہ ناقص اور کامل کے حاصل کرنی وغیرہ مین عمل بطریق مذکور کئی جاوی یہان تک کہ کوئی عدد اور کسر باقی نرہی اور اگر رہین تو بہت چہوٹی کسرین رہین +

توضیح- اِس قاعدہ کی مثالون مندرجہ ذیل کی دیکہنی سی اچہی طرح ہوگی +

واضح ہو کہ صورت عمل مین جس جگہہ لفظ پہلی عدد کا لکہا ہی مراد پہلی عدد سے وہ عدد ہین کہ اوس سطر سی جو سطر پہلی ہی اوسمین مرقوم ہین مثلاً مثال اول کی دوسری سطر مین مرقوم ہی کہ پہلی عدد + $\frac{۱}{۴}$ × $\frac{۱}{۲}$ اِس سی یہہ مراد ہی کہ اگر پہلی سطر کے عدد یعنی ۰۰۰۰۵۰۰۲۱ ضرب کئی جاوین $\frac{۱}{۴}$ مین اور پہر حاصل ضرب ضرب دیا جاوے $\frac{۱}{۲}$ مین +

چونکہ صفحہ گنجائش تحریر تمام
اعداد کی نرکہتا تہا واسطی اختصار
کے بجائی اعداد لفظ پہلی عدد
کا لکہا گیا +

مثال اول

۳۰۰۵۸۹۱۱۳۳۰۹۴۶۴۹ ان اعداد کا پانچوین مرتبہ کا

تنزول یعنی جذر مال الکعب یا جذر خامسی سطرح نکالا +

صورت عمل

(۷۳۹) ۹۴۴۶۴۹۰۲۳۱۱۹۸۵۰۳

۷^۵ = ۱۶۸۰۷

مقسوم اول ۳۷۸۲۱۱۳۲۰

۱۲۰۰۵۰۰۰۰ = ۵ × ۷^۴ مقسوم علیہ ناقص سطر اول

۶۸۶۰۰۰۰ = پہلی عدد × ۴/۲ × ۲/۷ سطر دوم

۱۹۶۰۰۰ = پہلے عدد × ۳/۳ × ۲/۷ سطر سوم

۲۸۰۰ = پہلی عدد × ۲/۴ × ۲/۷ سطر چہارم

۱۶ = پہلی عدد × ۱/۵ × ۲/۷ سطر پنجم۔

۱۲۷۱۰۸۸۱۶ مقسوم علیہ کامل — حاصل ضرب ۲۵۴۲۱۷۶۳۲

۶۸۶۰۰۰۰

۳۹۲۰۰۰۰

۸۴۰۰۰

۶۴

مقسوم دوم ۱۲۳۹۹۳۶۸۸۹۴۶۴۹

۱۳۴۳۶۹۲۸۰۰۰۰۰ مقسوم علیہ ناقص دوم

۳۳۵۹۲۳۲۰۰۰۰ = پہلی عدد × ۴/۲ × ۹/۷۲

۴۱۹۹۰۴۰۰۰ = پہلی عدد × ۳/۳ × ۹/۷۲

۲۶۲۴۴۰۰ = پہلی عدد × ۲/۴ × ۹/۷۲

۶۵۶۱ = پہلی عدد × ۱/۵ × ۹/۷۲

۱۳۷۷۷۰۷۶۵۴۹۶۱ مقسوم علیہ کامل دوم — حاصل ضرب ۱۲۳۹۹۳۶۸۸۹۴۶۴۹

مثال دوم

۲۲۸۷۶۷۹۲۴۵۴۹۶۱ ان اعداد کا ساتوین مرتبہ کا نزول

یعنی جذر مال مال الکعب یا جذر سابعی اسطرح نکالا +

صورت عمل

(۸۱ ۲۲۸۷۶۷۹۲۴۵۴۹۶۱

(۸^۷) = ۲۰۹۷۱۵۲

مقسوم ۱۹۰۵۲۷۲۴۵۴۹۶۱

(۷ × ۸^۶) = ۱۸۳۵۰۰۸۰۰۰۰۰۰ مقسوم علیہ ناقص

۱/۸ × ۶/۲۰ × پہلی عدد = ۶۸۸۱۲۸۰۰۰۰۰

۱/۸ × ۵/۳۰ × پہلی عدد = ۱۴۳۳۶۰۰۰۰

۱/۸ × ۴/۴۰ × پہلی عدد = ۱۷۹۲۰۰۰

۱/۸ × ۳/۵۰ × پہلی عدد = ۱۳۴۴۰۰

۱/۸ × ۲/۶۰ × پہلی عدد = ۵۶۰

۱/۸ × ۱/۷۰ × پہلی عدد = ۱

مقسوم علیہ کامل ۱۹۰۵۲۷۲۴۵۴۹۶۱

حاصل ۱۹۰۵۲۷۲۴۵۴۹۶۱ صفر

اگر پورا نزول نہ نکلی اور کچھہ باقی بچی تو بقدر احتیاج صفر زیادہ کرتی جاؤ اور اجزاء نزول کے نکالتی جاؤ اب جو اجزا نکلین گے وہ کسور اعشاریہ ہونگے +

خاتمہ

ظاهر هی که نزول کا مرتبه جتنا زیاده هوگا اوتنا هی اوسکی عمل مین دشواری هوگی اب
ایک ایسا قاعده اکثریه بیان کیا جاتا هی جسکی وسیله سی اکثر جگهه کم مرتبه کی نزول کی عمل سے
زیاده مرتبه کا نزول بآسانی معلوم هو جاتا هی - واضح هو که جب مقدار یا عدد کا دوسرے
مرتبه کا نزول یعنی جذر لیا جاتا هی اوسکی قوت آدهی هو جاتی هی اور تیسری مرتبه کے
نزول مین قوت تهائی هوتی هی اور چوتهی مین چوتهائی وعلی هذا القیاس پس اگر
چار مرتبه کا نزول نکالنا هو تو اوس سی یهه مطلب هوگا که قوت کی چوتهائی کر دین
قوت کی چوتهائی اسطرح بهی هو سکتی هی که اولا اوس قوت کو نصف کرو اور پهر
اوس نصف کو نصف کرو یعنی اگر چوتهی مرتبه کا نزول نکالنا هو تو جذر کے جذر لو
اس سی یهه بات نکلی که جب بڑی مرتبه کا نزول نکالنا هو اگر اوسکی شمار حاصل ضرب
کسی دو یا زیاده چهوٹی عددون صحیح کا هو تو ان چهوٹی عددون کے شمار کے
مرتبه کا نزول نکالنی سی اوس بڑی مرتبه کا نزول حاصل هو جایگا اب توضیح چند
مراتب نزول کی ترکیب بتائی جاتی هی - اگر چهه مرتبه کا نزول نکالنا هو تو
جذر کا جزر الکعب نکالو (یعنی اول جذر نکالو پهر اوس جذر کا جزر الکعب نکالو)
یا کعب کا جذر لو آٹهه مرتبه کے نزول مین جذر کی جذر کا جذر لو نو کے نزول
مین جزر الکعب کا جزر الکعب لو دس مین جذر کا پانچوین مرتبه کا نزول لو
باره مرتبه کی نزول مین کئی صورتین هو سکتی هین اسواسطی که یهه کئی عددون کا

حاصلضرب ہو سکتا ہی خواہ اول جذر لو کہ اسمیں چہہ قوت باقی رہینگی اور پہر جو
چہہ قوت کی ترکیب بتائی ہی وہ کرو اور خواہ اول جزر الکعب لو کہ چار قوت
باقی رہینگی پہر جذر کا جذر لو چودہ مرتبہ کی نزول مین اول جذر لیکی پہر ساتوین
مرتبہ کا نزول لو پندرہوین مین جزر الکعب کی پانچوین مرتبہ کا نزول لو اور باقی کو
اسی پر قیاس کرو لیکن ۵ و ۷ و ۱۱ و ۱۳ کسی چہوٹی عددون صحیح کا حاصلضرب
نہین اسواسطی ان مراتب کی نزول مین یہہ ترکیب جاری نہین ہو سکتی اور ایسا ہی
مثل ۱۷ و ۱۹ وغیرہ جو کسی عددونکا حاصلضرب نہین اونمین یہہ ترکیب جاری
نہوگی فقط +

حررہ الفقیر برکت علی حوسب حساباً یسیرا

تمام شد